# Exam of Marks Improvement (HSSC ) بارہویں جماعت کے بعد نمبروں میں اضافے کا امتحان

شرائط : ایسے طلباء وطالبات جو گیارہویں اور بارہویں جماعت کے تمام مضامین کے تمام پرچہ جات پاس کر چکے ہوں مگر نتیجہ توقع کے مطابق نہ ہوا اپنے نمبروں میں اضافے کے خواہشمند ہوں تو نمبروں میں اضافے کے لیئے امتحان دے سکتے ہیں ایسے طلباء وطالبات پہلے سے زیادہ توجہ، محنت اور لگن سے امتحان دیکر کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ لازمی ہے کہ نمبروں میں اضافے کا امتحان اپنے متعلقہ تعلیمی بورڈ سے ہی دیا جائے۔ (Marks Improvement کے لیئے بارہویں جماعت والا داخلہ فارم پر کریں)

## Selection of Subjects/Papers : مضامین کا انتخاب

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| گیارہویں جماعت کا کوئی بھی ایک مضمون | یا | بارہویں جماعت کا کوئی بھی ایک مضمون | یا | |
| گیارہویں جماعت کے کوئی بھی دو مضامین | یا | بارہویں جماعت کے کوئی بھی دو مضامین | یا | |
| گیارہویں جماعت کا ایک اور بارہویں جماعت کا ایک مضمون | | | یا | گیارہویں جماعت کے تمام مضامین |
| یا بارہویں جماعت کے تمام مضامین | | | یا | گیارہویں وبارہویں جماعت کے تمام مضامین |

* ایک مضمون : گیارہویں جماعت کا کوئی بھی ایک مضمون یا بارہویں جماعت کا کوئی بھی ایک مضمون

مضمون ایک ہوگا مگر پرچے ایک یا دو بھی ہوسکتے ہیں۔

Example : English - I OR English - II OR English - I & II

* دو مضامین : گیارہویں جماعت کا ایک اور بارہویں جماعت کا ایک مضمون

گیارہویں جماعت کے کوئی بھی دو مضامین یا بارہویں جماعت کے کوئی بھی دو مضامین

مضمون دو ہونگے مگر پرچے دو ، تین یا چار بھی ہوسکتے ہیں۔

English -I, Math - I OR English - I & II, Math -I & II OR English -I , Math - II OR English - II, Math - I & II OR English - I, Math - I & II

* ایک جماعت کے تمام مضامین یا دونوں جماعتوں کے تمام مضامین :

گیارہویں جماعت کے تمام مضامین یا بارہویں جماعت کے تمام مضامین یا گیارہویں وبارہویں جماعت کے تمام مضامین

**Marks Improvement** کا امتحان دینے کی اہلیت اور وقت: ایسے طلباء وطالبات جو گیارہویں وبارہویں جماعت کے تمام مضامین کے تمام پرچہ جات مکمل پاس کر چکے ہوں وہ پاس شدہ امتحان کے بعد آئندہ دو سال کے اندر اندر یہ امتحان دینے کے اہل ہیں۔

یعنی اگر آپ نے سالانہ 2019 میں گیارہویں وبارہویں جماعت مکمل پاس کرلی ہے تو آپ سپلیمنٹری 2019 یا سالانہ 2020 یا سپلیمنٹری 2020 یا سالانہ 2021 میں کسی بھی ایک امتحان میں Marks Improvement کا امتحان دے سکتے ہیں۔ Marks Improvement کا امتحان صرف ایک بار ہی دیا جاسکتا ہے۔

**Marks Improvement کے امتحان میں نمبروں میں اضافے کی صورت میں :**

اگر گزٹ کی کتاب میں آپ کے رولنمبر ، نتیجے کے سامنے Remarks کے کالم میں MI or (Marks Improved) لکھا ہوا ہو تو ایسی صورت میں ، بورڈ آپ کو نئی زیادہ نمبروں MI والی ڈی ایم سی جاری کریگا جو آپ کو اپنے امتحانی مرکز سے ملے گی۔ ایک سال بعد بورڈ آپ کو مارکس امپرووومنٹ والی اصل سند بھی جاری کریگا ۔ جس کے حصول کے لیئے آپ اپنی کم نمبروں والی اصل ڈی ایم سی اور اصل سند ، سرٹیفکیٹ سیکشن میں جمع کریں گے جن کے منسوخ کیئے جانے کے بعد آپ کو زیادہ نمبروں والی اصل سند جاری کی جائے گی۔ امپرووومنٹ کے امتحان میں کسی بھی ایک پرچے میں فیل یا غیر حاضر ہونے کی صورت میں نتیجہ MNI(Marks Not Improved) تصور ہوگا۔ مارکس امپرووومنٹ اسی صورت تصور ہوگی جب ڈی ایم سی میں مجموعی طور پر آپ کے کل نمبروں میں ایک یا ایک سے زائد نمبروں کا اضافہ ہوا ہو۔

**: In Case of Marks Not Improved نمبروں میں اضافہ نہ ہونے کی صورت میں**

اگر گزٹ نوٹیفکیشن میں آپ کے رولنمبر ، نتیجے کے سامنے Remarks کے کالم میں MNI or Marks Not Improved لکھا ہوگا ایسی صورت میں بھی آپ کو نئی (MNI) والی ڈی ایم سی جاری ہوگی جو آپ کو اپنے امتحانی مرکز سے ملے گی۔ مگر مستقبل میں آپ وہی پرانی یعنی زیادہ نمبروں والی ڈی ایم سی ہی استعمال کریں گے۔

17658 RUKHSANA 581 SSC Annual 2019 MNI (Marks Not Improved)

**: In case of Marks Improvement نمبروں میں اضافے کی صورت میں**

17658 RUKHSANA 646 MI SSC Supply 2021 (Marks Improved)

# RESULT QUASHMENT / RESULT CANCELATION نتیجے کی منسوخی

## نتیجے کی منسوخی کے لیئے بنیادی شرائط :

گیارہویں جماعت کے ایسے طلباء وطالبات جو اپنے امتحانی نتیجے سے مطمئن نہیں ہیں اور پہلے سے زیادہ بہتر نتائج حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ اپنا
**ایک یا دو مضامین یا تمام مضامین کا نتیجہ منسوخ کرواسکتے ہیں**

گیارہویں جماعت میں ایک مضمون میں فیل شدہ طلباء وطالبات مزید صرف ایک مضمون منسوخ کرواسکتے ہیں

گیارہویں کے ایک ، یا دو مضامین کا نتیجہ منسوخ کروانے والے طلباء وطالبات آئندہ ضمنی امتحان یعنی HSSC Supplementry 2019 میں ان منسوخ شدہ مضامین کا امتحان دینے کے اہل ہونگے۔

تاہم گیارہویں کے تمام مضامین کا نتیجہ منسوخ کرنے والے طلباء وطالبات اپنے منسوخ شدہ مضمون / مضامین کا امتحان آئندہ سالانہ امتحان یعنی HSSC Annual 2020 میں دینے کے اہل ہونگے اور اس سے اگلے سال یعنی سالانہ Annual2021 میں بارہویں جماعت کا امتحان دینگے۔

## وہ طلباء وطالبات جو نتیجہ منسوخی کے اہل نہیں ہیں :

- ایسے طلباء وطالبات جو گذشتہ سال گیارہویں جماعت میں نتیجہ منسوخ کرواچکے ہیں اور اب دوبارہ نویں جماعت پاس کی وہ اب نتیجہ منسوخی کے اہل نہیں ہیں۔
- ایسے طلباء وطالبات جن کو گیارہویں جماعت کا امتحانی رولنمبر جاری ہوا تھا مگر امتحان میں غیر حاضر رہے وہ اب نتیجہ منسوخی کے اہل نہیں رہے۔
- ایسے طلباء وطالبات جو پہلے گیارہویں جماعت میں مکمل فیل ہو چکے ہوں اور اس سال پاس ہوئے ہوں وہ بھی نتیجہ منسوخی کے اہل نہیں ہیں
- نتیجہ منسوخ کروانے والے طلباء وطالبات کسی بھی پوزیشن Position ، وظیفے Scholarship کے حق دار نہیں ہونگے
- ایک بار منسوخ شدہ Result Quashed نتیجہ کسی بھی صورت واپس بحال نہیں کیا جائے گا۔

## نتیجہ منسوخ کروانے کا طریقہ :

> تمام ریگولر طلباء وطالبات اپنا نتیجہ منسوخ کروانے کے لیئے اپنے متعلقہ سکول کے پرنسپل کی وساطت سے نتیجہ منسوخی کے اجتماعی فارم کے ذریعے درخواست دیں (تاہم ایسے طلباء وطالبات نتیجہ منسوخی کے تمام لوازمات انفرادی طور پر بھی مکمل کرنے کے پابند ہونگے ، صرف سٹامپ پیپر نہیں لکھوائیں گے کچہری سے)۔

> تمام پرائیویٹ طلباء وطالبات نتیجہ منسوخی والا فارم پر کرکے ،امیدوار اپنا دستخط کرے اور اپنے والد سے بھی دستخط کروائے۔ فارم کی پشت پر بیان حلفی Affidavit کا نمونہ ہے اس کو کچہری سے سٹامپ پیپر Stamp Paper پر بنوا کر نوٹری پبلک سے تصدیق کروائے۔ اپنے والد کے قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور اپنی نہم جماعت کی اصل ڈی۔ایم۔سی (ORIGINAL D.M.C) منسلک کرے ۔ ہزارہ ڈویژن کسی بھی الائیڈ یا نیشنل بنک میں مجوزہ فیس جمع کرواکر اصل بنک رسید بھی منسلک کریں۔ اور مکمل کر کے بورڈ دفتر میں کھڑکی نمبر - 4 پر جمع کروائیں ۔

**نتیجہ منسوخی Result Quashment/Cancelation کی آخری تاریخ : 06 اگست 2019**

**منسوخ شدہ نتیجے والی ڈی ایم سی کے حصول کی تاریخ : 05 ستمبر 2019**

ایسے طلباء وطالبات جو فی الحال ریٹوٹلنگ RETOTALING کروانا چاہتے ہیں مگر اس کے باوجود اپنے نتیجے سے مطمئن نہیں ہوئے اور اپنا نتیجہ منسوخ RESULT QUASHMENT کروانا چاہتے ہوں ان کو ریٹوٹلنگ کے نتیجے کے بعد تین (03) دن مزید دیئے جائیں گے نتیجہ منسوخی RESULT QUASHMENT کی درخواست جمع کروانے کے لیئے۔

ڈی ایم سی DMC کے حصول کے لیئے پرائیویٹ طلباء وطالبات درخواست وصولی والی رسید کے ہمراہ بورڈ دفتر کی کھڑکی نمبر - 4 پر رابطہ کریں اور ریگولر طلباء وطالبات کی ڈی ایم سی کی وصولی کے لیئے سکول انتظامیہ Authority Letter + Candidates List کے ہمراہ بورڈ کی سیکریسی سیکشن سے رابطہ کریں۔

# Re-Totaling / Re-Counting ری ٹوٹلنگ ۔ نمبروں کی دوبارہ گنتی

ایسے طلباء وطالبات جنھوں نے انٹر سالانہ امتحان 2019 میں شمولیت اختیار کی مگر ان کا نتیجہ ان کی توقع کے برعکس آیا ہے۔ یعنی وہ اپنے نتیجے سے مطمئن نہیں ہیں تو ایسی صورت میں ان کی سہولت کے لیئے ری ٹوٹلنگ Re-Totaling کا طریقہ کار وضع کیا گیا ہے۔ اکثر طلباء وطالبات کا خیال ہوتا ہے کہ ری ٹوٹلنگ کی فیس جمع کروانے سے ہمارے نمبروں میں اضافہ ہوجائے گا ، اگر فیل ہیں تو پاس ہوجائیں گے مگر ایسا نہیں ہے ری ٹوٹلنگ Re-Totaling میں متعلقہ مضمون کے پرچے کو بغور دیکھا جاتا ہے اگر غلطی سے کوئی ایک سوال یا کسی ایک سوال کا کوئی بھی جزو یا حصہ مارک ہونے سے رہ گیا ہے تو اس سوال، جزو کو چیک Check / مارک Mark کیا جاتا ہے اور اس کے نمبر کل نمبروں میں شامل کیئے جاتے ہیں ۔ تمام سوالات کے حاصل کردہ نمبروں کو دوبارہ شمار کیا جاتا ہے اگر کوئی غلطی ہو تو اس کی تصیح کی جاتی ہے اور نئے تصیح شدہ نمبروں والی نئی DMC جاری کی جاتی ہے۔ اگر ری ٹوٹلنگ کے باوجود نتیجہ وہی رہتا ہے تو ایسی صورت میں نئی ڈی ایم سی جاری نہیں کی جائے گی۔

**ری ٹوٹلنگ Re-Totaling کروانے والے طلباء وطالبات تین طرح کے نتائج کے لیئے ذہنی طور پر تیار ہیں۔**

- نمبروں میں اضافہ
- نمبروں میں کمی
- کوئی تبدیلی نہیں

## تینوں صورتوں میں آپ کو اپنا ریٹوٹلنگ کے بعد والا نتیجہ قبول کرنا ہوگا۔

اگر کوئی طالبعلم ایک ہی وقت میں ری ٹوٹلنگ Re-Totaling اور نتیجہ منسوخ Result Quashment کروانا چاہتا ہے تو کروا سکتا ہے مگر دونوں کاموں کے لیئے بروقت، الگ الگ درخواست دینا ہوگی۔ طلباء وطالبات اپنے کسی بھی مضمون کی ری ٹوٹلنگ کے لیئے درخواست دے سکتے ہیں مگر صرف وہی مضامین جن کا امتحان موجودہ سالانہ 2019 میں دیا ہے۔ ری ٹوٹلنگ پاس یا فیل تمام مضامین میں کی جاسکتی ہے۔

**گیارہویں جماعت میں ایک یا دو مضامین میں فیل اور بارہویں جماعت کے فیل طلباء وطالبات جو ریٹوٹلنگ بھی کروانا چاہتے ہیں اور ضمنی امتحان میں فیل شدہ مضامین کا داخلہ بھی بھیجنا چاہتے ہیں وہ پہلے ری ٹوٹلنگ کے لیئے درخواست دیں اور ری ٹوٹلنگ کا نتیجہ آنے پر (03) تین دن کے اندر اندر اپنا امتحانی داخلہ فارم نارمل فیس کیساتھ جمع کروائیں ۔**

## ری ٹوٹلنگ Re-Totaling کے لوازمات :

درخواست فارم برائے ری ٹوٹلنگ ، ڈی ایم سی کی کاپی، بنک فیس کی اصل رسید ( فی مضمون 600روپے) ، کھڑکی نمبر 4 پر جمع کریں

**ریٹوٹلنگ Re-Totaling کی درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ : 09 اگست 2019**

**ری ٹوٹلنگ Re-Totaling کے نتیجے کی تاریخ : 05 ستمبر 2019**

مجوزہ تاریخ کو Retotaling ری ٹوٹلنگ کے نتیجے کا نوٹیفکیشن ایبٹ آباد بورڈ کے نوٹس بورڈ کیساتھ ساتھ Facebook Group (BISE, Abbottabad F.A.Q's) پر آویزاں Upload کیا جائے گا۔ جن طلباء و طالبات کے نتیجے میں تبدیلی آئے وہ اپنی اصل رسید اور اصل ڈی ایم سی کیساتھ بورڈ دفتر کی کھڑکی نمبر-4 سے اپنی نئی ڈی ایم سی وصول کریں

# گریس مارکس (GRACE MARKS)

## گریس مارکس کے لیئے اہلیت : Eligibility for Grace Marks

بارھویں جماعت کے ایسے طلباء وطالبات جنھوں نے حالیہ سالانہ امتحان 2019 میں شمولیت اختیار کی ہو مگر ان کو مکمل پاس ہونے کے لیئے صرف تین (03) نمبروں کی ضرورت ہو تو وہ گریس مارکس کے حصول کے لیئے درخواست دینے کے اہل ہیں۔ مگر مجموعی طور پر دو پرچہ جات میں کل 6 نمبروں کی ضرورت ہو۔

## گریس مارکس کے حصول کے لیئے اہلیت کی شرائط :

<u>مندرجہ زیل صورتوں میں گریس مارکس (Grace Marks) کا اطلاق ہوسکتا ہے</u>

* اگر کسی بھی ایک مضمون میں پاس ہونے کے لیئے صرف تین نمبروں کی ضرورت ہو جیسے

| فیل شدہ مضمون میں حاصل کردہ نمبر | مثال |
|---|---|
| i.e 28/85 or 27/85 or 26/85 | Chemistry - Fail by 3 Marks |

* اگر دو مضامین فیل ہوں اور ہر ایک میں صرف تین نمبروں کی ضرورت ہو

| فیل شدہ مضمون میں حاصل کردہ نمبر | مثال |
|---|---|
| English - Fail by 3 Marks | Chemistry - Fail by 3 Marks, |
| 32/100 or 31/100 or 30/100 | 28/85 or 27/85 or 26/85 |

## طریقہ کار :

* درخواست فارم برائے گریس مارکس (Application Form)
* اصل ڈی ایم سی ( Original D.M.C)
* والد کے شناختی کارڈ کی کاپی (Copy of Father's CNIC)

اصل بنک رسید =/Rs. 200 منسلک کرکے بورڈ دفتر میں کھڑکی نمبر - 4 پر جمع کریں۔

**نوٹ:** گریس مارکس کو ان فیل شدہ پرچہ جات کے نمبروں میں شامل نہیں کیا جائے گا بلکہ ڈی ایم سی کے نچلے حصے میں **Passed with Grace Marks** * لکھا جائے گا اور مجموعی طور پر ایسے طلباء وطالبات کو پاس کر دیا جائے گا۔

اگر ایسے طلباء وطالبات نمبروں کے اضافے کے لیئے امتحان (Marks Improvement) دینا چاہیں گے تو گریس مارکس والے مضمون / مضامین کو ضرور شامل کرنا ہوگا۔ حالیہ میٹرک وانٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان کے گریس مارکس حاصل کرنے کے لیئے سالانہ **2020** کا امتحان شروع ہونے سے قبل درخواست دی جاسکتی ہے۔

# U.F.M RESULT HSSC ANNNUAL 2019

انٹر سالانہ 2019 نتائج میں نقل کرنے والے طلباء وطالبات کے U.F.M کا نتیجہ ایبٹ آباد بورڈ کے

Page : BISE Abottabad Facebook

BISE Facebook Group : BISE Abbottabad (F.A.Q's) پر PDF میں موجود ہے۔

اپنا نتیجہ دیکھنے کے بعد مندرجہ ذیل لوازمات پر عمل کریں

U.F.M اپیل جمع کروانے کی آخری تاریخ : 09 اگست 2019

U.F.M اپیل کا فیصلہ : 28 اگست 2019

**English Cancel** کا مطلب ہے کہ آپکا انگریزی کا پرچہ منسوخ کردیا گیا، یعنی فیل کردیا گیا اور آپ سپلیمنٹری 2019 میں امتحان دے سکتے ہیں۔

**U.F.M کی سزا اگر ONE EXAM ہو تو** :اسکا مطلب یہ ہوگا کہ آپ کا موجودہ امتحان کا نتیجہ منسوخ کردیا گیا ہے اوراب آپ آئندہ امتحان یعنی ضمنی 2019 میں شمولیت اختیار کریں گے اور انہی تمام مضامین کا امتحان دینا ہوگا۔

**U.F.M کی سزا اگر TWO EXAM ہو تو**: اسکا مطلب یہ ہوگا کہ آپ کا موجودہ امتحان کا نتیجہ منسوخ اور ضمنی امتحان 2019 کا Chance بھی ضائع کردیا گیا ہے اوراب آپ آئندہ امتحان یعنی سالانہ 2020 میں شمولیت اختیار کریں گے

ایسے طلباء وطالبات جن کی UFM کی سزا **One/Two/Three/Four/Five/Six Exam** تھی اور اپیل کے بعد بھی صرف One Exam اور جرمانے تک ہی ہوان کو DMC جاری نہیں کی جائے گی ۔ وہ جرمانے کی رسید جمع کرواکر سیکریسی سیکشن میں وصول کروائیں اور آئندہ امتحان کیوقت اپنا امتحانی داخلہ فارم مکمل کرکے سیکریسی سیکشن Secrecy Section سے ضرور Verify کروائیں

## U.F.M کی سزا والی ڈی ایم سی D.M.C کا حصول بصورت جرمانہ :

ایسے طلباء وطالبات جن کی سزا صرف جرمانے کی صورت میں ہو ،اپنے جرمانے اورسزا کودیکھ کر جرمانے کی رسید بنک میں جمع کرواکر اصل بنک رسید، شناختی کارڈ کی کاپی اورڈی ایم سی کا فارم بورڈ دفتر کی کھڑکی نمبر 4 پر جمع کرواکر اپنی ڈی۔ایم۔سی حاصل کریں ۔ UFM Appeal والوں کے لیئے بھی امتحانی داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ امتحانی نوٹیفکیشن والی ہے۔

## U.F.M سزا کیخلاف اپیل کا طریقہ:

طلباء وطالبات اپنے U.F.M کی سزا کیخلاف اپیل کا حق رکھتے ہیں ۔ اس مقصد کے لیئے اپیل بنام چیئرپرسن، ثانوی واعلیٰ تعلیمی بورڈ ایبٹ آباد ، 1500/= روپے کی اصل بنک رسید، شناختی کارڈ کی کاپی اورڈی ایم سی کی کاپی بورڈ دفتر میں پہلی منزل پر واقع PS to Chairman کے دفتر میں جمع کروائیں ۔

# ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ایبٹ آباد

## انٹرمیڈیئٹ سالانہ امتحان 2019

| | | |
|---|---|---|
| 1 | دوبارہ گنتی ری ٹوٹلنگ RETOTALING کے لیئے درخواست فارم و فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ | **جمعہ 09 اگست 2019** |
| 2 | ری ٹوٹلنگ کے نتیجے کی تاریخ RETOTALING RESULT | **جمعرات 05 ستمبر 2019** |
| 3 | نتیجہ منسوخی RESULT QUASHMENT کی درخواست فارم اور فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ | **منگل 06 اگست 2019** |
| 4 | منسوخ شدہ نتیجے والی ڈی ایم سی جاری کرنے کی تاریخ ISSUANCE OF RESULT QUASHED DMC's | **جمعرات 05 ستمبر 2019** |
| 5 | امتحان میں نقل U.F.M کے فیصلے کیخلاف اپیل فارم و فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ (U.F.M APPEAL) | **جمعہ 09 اگست 2019** |
| 6 | U.F.M Jury Decision اپیل کا فیصلہ | **بدھ 28 اگست 2019** |

ایسے طلباء و طالبات جو فی الحال ریٹوٹلنگ RETOTALING کروانا چاہتے ہیں مگر اس کے باوجود اپنے نتیجے سے مطمئن نہیں ہوئے اور اپنا نتیجہ منسوخ RESULT QUASHMENT کروانا چاہتے ہوں ان کو ریٹوٹلنگ کے نتیجے کے بعد تین (03) دن مزید دیئے جائیں گے نتیجہ منسوخی RESULT QUASHMENT کی درخواست جمع کروانے کے لیئے۔